| | |
|---|---|
| कुल प्रश्नों की संख्या : 45 | कुल पृष्ठों की संख्या : 07 |
| Total No. of Questions: 45 | Total No. of Pages : 07 |

# 206

विषय : उर्दू

# URDU

| | | |
|---|---|---|
| समय : 03 घण्टे | | पूर्णांक : 100 |
| Time: 03 Hours | اردو | Maximum Marks: 100 |

---

ہدایت: (i) اس سوال نامے میں دو حصّے ہیں ''حصّہ الف'' اور ''حصّہ ب'' اور دونوں ہی حصّوں کے سوالات حل کرنا لازمی ہے۔

(ii) ہر سوال کے مقررہ نمبرات سوال کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(iii) ''حصّہ الف'' میں دیئے گئے سوالات کے نیچے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں، صحیح جواب چن کر لکھیں۔ ہر سوال ایک نمبر کا ہے۔

مقررہ نمبرات:25     ''حصّہ الف'' "Part A"     وقت30منٹ

سوال نمبر1: امینہ کی پریشانی کا سبب تھا:

(الف) اس کے گھر مہمان آئے ہوئے تھے    (ب) وہ اپنے پڑوسیوں سے پریشان تھی

(ج) اس کے پاس عید منانے کے لئے پیسے نہیں تھے    (د) وہ بہت بیمار تھی

سوال نمبر2: اردو کا رسم خط ہے۔

(الف) ہندوستانی    (ب) جاپانی

(ج) ایرانی    (د) چینی

سوال نمبر3: ''ایک سوال'' افسانہ کی ہیروئن کا نام تھا۔

(الف) پھول مالا    (ب) پھول رانی

(ج) پھول ونتی    (د) پھولن

سوال نمبر4: کبیر داس ہندوستان کے شاعر ہی نہیں ایک بڑے:

(الف) سیاست داں تھے    (ب) ڈاکٹر تھے

(ج) نثر نگار تھے    (د) صوفی سنت تھے

سوال نمبر 5: آسمان کے بیچ روشنی میں دکھائی دی:

(الف) خوبصورت تتلی (ب) خوبصورت پتنگ

(ج) خوبصورت دلہن (د) خوبصورت چاندی

سوال نمبر 6: نثر کی اہم صنف ہے:

(الف) مرثیہ نگاری (ب) مضمون نگاری

(ج) مثنوی نگاری (د) بیانیہ نظم

سوال نمبر 7: گھر بیٹھے ہماری معلومات میں اضافہ اور تفریح کا ذریعہ ہے:

(الف) ریڈیو (ب) میوزیم

(ج) سینما گھر (د) سیر و سیاحت

سوال نمبر 8: سپاہی رام سہائے مل کے گھر تلاش میں آئے تھے:

(الف) بھاگ وتی اور کشن کنور کے (ب) سلمٰی اور رام سہائے مل کے

(ج) رام سہائے مل اور بھاگ وتی کے (د) سلمٰی اور کشن کنور کے

سوال نمبر 9: مراسلے کو مکالمہ بنا دیا:

(الف) حالؔی نے (ب) غالبؔ نے

(ج) سرسید نے (د) شبلی نے

سوال نمبر 10: ہنسلی پہنی جاتی ہے:

(الف) کان (ب) ناک میں

(ج) گلے میں (د) بالوں میں

سوال نمبر 11: برسوں کے بیمار کو صحت مل جاتی ہے:

(الف) کشمیر کی آب و ہوا سے (ب) رانچی کی آب و ہوا سے

(ج) دہلی کی آب و ہوا سے (د) بمبئی کی آب و ہوا سے

سوال نمبر 12: چکبستؔ کا پورا نام تھا:

(الف) رگھوپتی سہائے (ب) پنڈت دیا شنکر

(ج) پنڈت برج نارائن (د) پنڈت دتاریہ

سوال نمبر 13: ''بندرابن'' ہے:

(الف) مدھیہ پردیش میں (ب) راجستھان میں

(ج) سری لنکا میں (د) اتر پردیش میں

سوال نمبر 14: ''ایک آرزو'' نظم کے شاعر ہیں:

(الف) جگر مرادآبادی (ب) ڈاکٹر سر محمد اقبالؔ

(ج) محمد رفیع سوداؔ (د) خواجہ میر دردؔ

سوال نمبر 15: معتقد کے معنی ہیں:

(الف) محبت کرنے والا (ب) نفرت کرنے والا

(ج) اعتقاد رکھنے والا (د) احتیاط رکھنے والا

سوال نمبر 16: محبوب کی نیم باز آنکھوں میں ہے:

(الف) نفرت (ب) محبت

(ج) نیند (د) مستی

سوال نمبر 17: کربلا کے واقعات بیان کیے جاتے ہیں:

(الف) قصیدہ میں (ب) مرثیہ میں

(ج) غزل میں (د) مثنوی میں

سوال نمبر 18: میر انیسؔ کی زبان ہے:

(الف) پیچیدہ (ب) رنگین

(ج) مشکل (د) عام فہم اور آسان

سوال نمبر 19: بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں سے شاعر کی مراد ہے:

(الف) محبوب (ب) خدا

(ج) دوست (د) ڈاکٹر

سوال نمبر 20: میر حسنؔ کی مثنوی ہے:

(الف) زہر عشق (ب) دریائے عشق

(ج) گلزار نسیم (د) سحر البیان

سوال نمبر 21: شریف کی جمع ہے:

(الف) اصحاب (ب) عزّت دار

(ج) اشراف (د) نیک

سوال نمبر 22: دل فریب لفظ ہے:

(الف) مرکب (ب) مفرد

(ج) مہمل (د) متضاد

سوال نمبر 23: آنکھوں کے سامنے کسی کی تصویر کھنچ جانا کہلاتا ہے:

(الف) استعارہ (ب) تشبیہ

(ج) مجاز مرسل (د) محاکات

سوال نمبر 24: ''رفو چکّر ہونا'' ہے

(الف) کہاوت (ب) محاورہ

(ج) مثال (د) سابقہ

سوال نمبر 25: زمین کا متضاد ہے:

(الف) پہاڑ (ب) سمندر

(ج) آسمان (د) ندیاں

| | | |
|---|---|---|
| کل نمبرات: 75 | "Part - B" ''حصّہ ب'' | وقت ڈھائی گھنٹہ |

سوال نمبر 1: حامد نے چمٹا کیوں خریدا؟ [3]

سوال نمبر 2: اردو کی ہکاری اور معکوسی آوازوں کی تعداد کتنی ہے؟ [3]

سوال نمبر 3: صالحہ عابد حسین اپنی خالہ کے گھر کیوں تشریف لائیں تھیں؟ [3]

سوال نمبر 4: غالبؔ نے دنیا کے کن ممالک میں جانے کی خواہش ظاہر کی ہے؟ [3]

سوال نمبر 5: رام سہائے مل کی بیوی بھاگ وتی نے کن دو لوگوں کو پناہ دی تھی؟ [3]

سوال نمبر 6: غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟ [3]

سوال نمبر 7: ترک عشق کی دعا قبول نہ ہونے کا کیا سبب شاعر نے بتایا ہے؟ [3]

سوال نمبر 8: شاعر نے ہستی کو حباب کیوں کہا ہے؟ [3]

سوال نمبر 9: جوگن کون تھی اور وہ جنگل میں کیوں گئی تھی؟ [3]

سوال نمبر 10: حضرت امام حسینؓ کو کس نے شہید کیا؟ [3]

سوال نمبر 11: کوئی دو 2 محاوروں کے معنی لکھئے۔ [3]

(i) گھی کے چراغ جلانا (ii) پروان چڑھنا (iii) آنکھوں سے لہو ٹپکنا

سوال نمبر 12: نیچے لکھے الفاظ کے متضاد (الٹے) لکھئے۔ (کوئی تین) [3]

امیر۔ اندھیرا۔ خوشی۔ خوبصورت۔ نیکی۔

سوال نمبر 13: نیچے لکھے الفاظ کے واحد جمع لکھئے (کوئی تین) [3]

آفات۔ روح۔ شجر۔ اشخاص۔ مدّت۔

سوال نمبر 14: ''گاہ'' لگا کر مرکب الفاظ بنائیں۔ (کوئی تین) [3]

عبادت۔ درس۔ عید۔ چرا۔

سوال نمبر15: الفاظ کے معنی لکھئے۔(کوئی تین) [3]

آفتاب۔لب۔سرمایہ۔تبسم۔حیات۔

سوال نمبر16: مندرجہ ذیل اقتباس کی سلیس اردو کیجئے،اور سبق و مصنف کا نام بھی لکھئے۔ [5]

''حامد کے ساتھی آگے بڑھ گئے ہیں۔کتنے خود غرض اور لالچی ہیں۔
سب نے اتنی مٹھائیاں لیں۔کسی نے مجھے ایک بھی نہ دی۔اس پر
کہتے ہیں۔کہ میرے ساتھ کھیلو۔میری تختی دھولاؤ۔اب اگر میاں محسن
نے کسی کام کا کہا تو خبر لوں گا۔کھائیں مٹھائی آپ منہ سڑے گا، پھوڑے
پھنسیاں نکلیں گی۔''

سوال نمبر17: درج ذیل حصّہ میں سے کسی ایک حصّہ کی تشریح مع حوالہ کے کیجئے۔ [5]

(حصّہ الف)

دنیا میں بادشاہ ہے' سو ہے وہ بھی آدمی
اور مفلس و گدا ہے' سو ہے وہ بھی آدمی
زردار بےنوا ہے' سو ہے وہ بھی آدمی
نعمت جو کھا رہا ہے' سو ہے وہ بھی آدمی

(حصّہ ب)

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

سوال نمبر18: اپنے پرنسپل کو فیس معافی کی درخواست لکھئے۔ [5]

سوال نمبر19: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ [10]

(i) پسندیدہ تہوار (ii) قومی رہنما

(iii) سائنس کی اہمیت (iv) کوئی کھیل

**سوال نمبر 20:** درج ذیل غیر درسی عبارت کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالات کے جواب دیجئے۔ **[5]**

''وطن کی محبت انسانی زندگی کا اعلیٰ ترین مقصد ہے۔شہرت عام اور بقائے دوام اس کے مقصد کا لازمی نتیجہ ہے۔وطن سے محبت رکھنے والے ایسی خواہشات سے قطعاً بے نیاز ہوا کرتے ہیں۔اپنے پیارے دیش کی بہبودگی کے لئے ذاتی اغراض اور انفرادی فائدوں کو قرباں کر دیتے ہیں۔ وطن کی محبت وہ حلال نشہ ہے جس سے ہر چھوٹا بڑا سرشار رہتا ہے۔یہ وہ پاکیزہ جذبہ ہے جو قدرت کی طرف سے عطا ہوتا ہے۔

**(i)** انسان کی زندگی کا اہم مقصد کیا ہے؟

**(ii)** وطن سے محبت رکھنے والے کیا کیا قرباں کر دیتے ہیں؟

**(iii)** حب الوطنی کیسا نشہ ہے؟

**(iv)** وطن کی محبت کا جذبہ کس کی طرف سے عطا ہوتا ہے؟

**(v)** درج بالا اقتباس کا مناسب عنوان لکھئے۔

-----------xx-----------